# اطلاع برائے چونتیسواں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ پاور سیمنٹ لمیٹڈ ('' کمپنی'') کا چونتیسواں سالانہ اجلاس عام (AGM) بروز منگل، مؤرخہ 14 اکتوبر 2025 کو دوپہر 12:00 بجے پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) آڈیٹوریم، تیسری منزل، ایڈمن بلاک، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی میں منعقد کیا جائے گا، نیز اس اجلاس میں بذریعہ وڈیو لنک بھی شرکت کی جا سکتی ہے، اجلاس ہذا میں درج ذیل امور پر غور کیا جائے گا۔

## عمومی امور:

1۔ کمپنی کی تینتیسویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 24 اکتوبر 2024 کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ کمپنی کے مالی سال اختتامیہ 30 جون 2025 کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ساتھ وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور منظوری دینا۔

جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 223(7) کے تحت درکار ہے اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے جاری کردہ S.R.O.389(I)/2023 مؤرخہ 21 مارچ 2023 کے تحت، کمپنی کی سالانہ رپورٹ برائے مالی سال اختتامیہ 30 جون 2025 کمپنی کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کر دی گئی ہے، جسے درج ذیل لنک اور QR کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے:

https://powercement.com.pk/financial-reports/

3۔ آئندہ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2026 کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کا معاوضہ مقرر کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز، میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، سبکدوش ہو رہے ہیں اور اپنی اہلیت کی بنیاد پر انکی جانب سے اپنی دوبارہ تقرری کی خدمات پیش کی گئی ہیں۔

4۔ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159(1) کے تحت مقرر کردہ تعداد کے مطابق سات (07) ڈائریکٹرز کو تین سال کی مدت کے لیے منتخب کرنا، جو کہ 28 اکتوبر 2025 سے شروع ہوگی۔

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ جناب محمد عارف حبیب
2۔ جناب نسیم بیگ
3۔ جناب عبدالصمد
4۔ سید سلمان رشید
5۔ جناب خورشید انور جمال
6۔ جناب خلیل اللہ شیخ
7۔ محترمہ زینب کاشف

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے لیے اہل ہیں۔

## خصوصی امور:

5۔ اس بات پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، درج ذیل قراردادوں کو، جیسا کہ مناسب ہو، ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 207 اور/ یا 208 (جہاں قابل اطلاق ہو) کے تحت، متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے گئے/ کیے جانے والے لین دین/ معاہدات کے حوالے سے، خصوصی قراردادوں کے طور پر منظور اور توثیق کرنا:

"**یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** کمپنی کی جانب سے مختلف متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے گئے وہ تمام لین دین، جو مالی سال اختتامیہ 30 جون 2025 کے دوران کیے گئے، جیسا کہ کمپنی کے مالیاتی گوشواروں کے نوٹ نمبر 41 میں ظاہر کیا گیا ہے، اور سیکشن (3)134 کے تحت بیان کردہ "اسٹیٹمنٹ آف میٹیریل انفارمیشن" میں درج ہے، ان کی توثیق، تصدیق اور منظوری دی جاتی ہے۔

**مزید یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** کمپنی کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ 30 جون 2026 کو ختم مالی سال کے دوران مختلف متعلقہ فریقوں کے ساتھ، وقتاً فوقتاً، ایسے معاہدے کرے یا لین دین کرے جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے موزوں اور منظور شدہ ہو یا توثیق شدہ ہو۔ ان لین دین میں اشیاء اور ذخائر کی خرید و فروخت، خدمات کی فراہمی، فیس کی ادائیگی، اخراجات کی واپسی، قرض اور مشارکہ کی رقم کی وصولی یا ادائیگی، اور سرمایہ کاری کی جائیدادوں کی خرید و فروخت شامل ہو سکتی ہے۔ چونکہ چند ڈائریکٹرز کا بعض متعلقہ فریقوں کے ساتھ مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی بنیاد پر مفاد ہو سکتا ہے، اس لیے اراکین بورڈ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کو ان تمام متعلقہ فریقوں کے لین دین کی منظوری، تصدیق اور توثیق کا اختیار دیتے ہیں۔

**مزید یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے جانے والے لین دین، جو کہ 30 جون 2026 کو ختم مالی سال کے دوران کیے جائیں گے، وہ اراکین کی جانب سے منظور شدہ تصور کیے جائیں گے، اور بعد ازاں آئندہ سالانہ عمومی اجلاس میں اراکین کے سامنے توثیق اور تصدیق کے لیے پیش کیے جائیں گے۔"

## دیگر امور:

6۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کو زیر غور لانا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 اور (3)166 کے تحت اہم حقائق سے متعلق ایک بیان نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔

بحکم بورڈ

سلمان گوگن

کمپنی سیکریٹری

23 ستمبر 2025

کراچی

## نوٹس:

### 1۔ حصص منتقلی کے کھاتوں کی بندش:

کمپنی کے حصص منتقلی کے کھاتے 7 اکتوبر 2025 سے 14 اکتوبر 2025 تک (بشمول ایام مذکورہ) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی (CDC) شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، S.M.C.H.S، مین شارعِ فیصل، کراچی کے دفتر میں 6 اکتوبر 2025 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی منتقلیوں کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

## 2۔ سالانہ اجلاس عام میں وڈیو لنک کے ذریعے شرکت:

کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ سرکلرز کے مطابق وڈیو لنک سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ وہ ممبران/ پراکسی جو اس سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند ہیں، ان سے درخواست ہے کہ درج ذیل معلومات corporate@powercement.com.pk پر "Registration for 34th AGM of Power Cement Limited" کے عنوان کے ساتھ ارسال کریں، ساتھ ہی CNIC (دونوں اطراف) یا پاسپورٹ کی کارآمد نقل بھی منسلک کریں۔

| حصص یافتہ کا نام | فولیو/ سی ڈی سی نمبر | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | موبائل فون نمبر | رجسٹرڈ شدہ ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

وڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات ان ممبران/ پراکسی کو فراہم کی جائیں گی جن کی ای میل، جس میں تمام مذکورہ بالا معلومات شامل ہوں، سالانہ اجلاس عام (AGM) کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائے گی۔

## 3۔ پراکسیز کا تقرر اور سالانہ اجلاس عام میں شرکت:

i۔ کوئی بھی ممبر جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہے، وہ کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے، جسے اجلاس میں شرکت، اظہار رائے دینے اور ووٹ دینے کے وہی حقوق حاصل ہوں گے جو کسی ممبر کو حاصل ہوتے ہیں۔

ii۔ غیر پُر شدہ پراکسی فارم (انگریزی اور اردو میں) سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے۔ یہ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.powercement.com.pk پر بھی دستیاب ہے۔

iii۔ پراکسی فارم کے مؤثر ہونے کے لیے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، پہلی منزل، عارف حبیب سینٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی پر اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہونا ضروری ہے۔

iv۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 26 جنوری 2000 کے سرکلر نمبر 1 میں دی گئی ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

v۔ اگر پراکسی کسی کارپوریٹ ادارے کی طرف سے مقرر کیا گیا ہو تو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمع CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروانا ضروری ہے۔

## 4۔ حصص داروں کے پتے میں تبدیلی:

حصص داروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتے یا رابطے کی معلومات میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو دیں۔ جبکہ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز اپنے متعلقہ CDC پارٹیسپنٹ/ انویسٹر اکاؤنٹ سروس فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

## 5 ۔ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ای میل کے ذریعے ترسیل:

15 اکتوبر 2016 کو منعقدہ 25 ویں سالانہ اجلاس عام میں حصص داروں نے منظوری دی تھی کہ سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کو پرنٹ شدہ شکل میں بھیجنے کے بجائے CD/ DVD/ USB/ ای میل کے ذریعے سافٹ فارم میں بھیجا جائے، جیسا کہ 2014/(1)SRO787 مجریہ 8 ستمبر 2014 اور 2016/(1)SRO470 مجریہ 31 مئی 2016 میں بیان کیا گیا ہے۔ لہٰذا کمپنی نے مالیاتی رپورٹس شیئر ہولڈرز کو ان کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر ارسال کر دی ہیں، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (6)223 کے تحت اجازت دی گئی ہے۔ تاہم، جو شیئر ہولڈرز مالیاتی گوشواروں کی پرنٹ شدہ کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں، وہ "اسٹینڈرڈ ریکویسٹ فارم" (کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب) کے ذریعے کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر درخواست بھیج سکتے ہیں۔

## 6۔ قومی شناختی کارڈ اور نیشنل ٹیکس نمبر لازمی جمع کرانا:

وہ انفرادی ممبران جنہوں نے ابھی تک کمپنی یا شیئر رجسٹرار کو اپنا درست CNIC جمع نہیں کروایا، ان سے درخواست ہے کہ جلد از جلد CNIC کی کاپی براہ راست CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو ارسال کریں۔ کارپوریٹ ادارے اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کریں۔ CNIC / NTN کی تفصیلات کے ساتھ اپنا فولیو نمبر بھی فراہم کریں۔

## 7۔ مالیاتی گوشواروں اور رپورٹس کی ویب سائٹ پر دستیابی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 223(7) کے مطابق، کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے برائے مالی سال 30 جون 2025 کمپنی کی ویب سائٹ https://powercement.com.pk/financial-reports/ پر دستیاب ہیں۔

## 8 ۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے رضامندی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(1)(b) کے تحت، وہ ممبران جو کراچی کے علاوہ کسی اور شہر میں رہائش پذیر ہوں اور اجتماعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھتے ہوں، اگر سالانہ اجلاس عام میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کی تحریری درخواست سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 10 دن پہلے دیں، تو انہیں یہ سہولت فراہم کی جائے گی۔

اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے درج ذیل فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کروائیں:

میں/ہم ____________________ ، رہائشی ____________________ ، بطور ممبر پاور سیمنٹ لمیٹڈ، حاملین ____________________ عام/ترجیحی شیئرز، رجسٹرڈ فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر ____________________ ، ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے درخواست دیتے ہیں کہ یہ سہولت ____________________ میں فراہم کی جائے۔

____________________ ____________________

نام اور دستخط تاریخ

کمپنی سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 5 دن پہلے ویڈیو کانفرنس کے مقام اور اس سہولت تک رسائی کے لیے مکمل معلومات فراہم کرے گی۔

## 9۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب کا انعقاد:

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ریگولیشن 7A کی دفعات کے مطابق، ڈائریکٹرز کا انتخاب درج ذیل تین زمروں کے لیے الگ سے منعقد کیا جائے گا:

| نمبر شمار | زمرہ جات | سیٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| 1 | خاتون ڈائریکٹر (ایکٹ کے سیکشن 166 کے تحت طے کردہ غیر جانبدار ڈائریکٹر کے معیار پر پورا اترنے پر اسے غیر جانبدار ڈائریکٹر بھی سمجھا جا سکتا ہے) | 01 |
| 2 | غیر جانبدار ڈائریکٹرز | 02 |
| 3 | دیگر ڈائریکٹرز | 04 |

کوئی بھی شخص (بشمول ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر) جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینا چاہے، کمپنی کے پاس اس کے رجسٹرڈ آفس، عارف حبیب سینٹر، 23 ایم ٹی خان روڈ، کراچی میں، مذکورہ اجلاس سے 14 دن پہلے مندرجہ ذیل دستاویزات جمع کروائے گا:

i کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)159 کے تحت فارم-9 پر کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کے لیے اس کی رضامندی کے ساتھ، الیکشن میں حصہ لینے کے ارادے کا نوٹس دینا، اور تصدیق کرنا ہے کہ وہ کسی قابل اطلاق قوانین، قواعد و ضوابط کے تحت ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے۔

ii 03 اکتوبر 2019 کے ایس ای سی پی کے SRO 1196 (I)/2019 کے تحت الیکشن کی تاریخ سے سات دن پہلے دفتر کے پتے کے ساتھ تفصیلی پروفائل کمپنی کی ویب سائٹ پر ڈالنا ہے۔

iii لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) 2019 کے ضوابط، او کمپنیز ایکٹ، 2019 میں درج کردہ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کے لیے اہلیت کے معیار کے مطابق ہونے کے حوالے سے اقرار کرنا۔

iv کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل (پاکستانی شہری کی صورت میں)/ پاسپورٹ (غیر ملکی شہری کی صورت میں)، اور NTN اور فولیو نمبر/CDC سرمایہ کار اکاؤنٹ نمبر/CDC ذیلی اکاؤنٹ نمبر (پہلی بار رضامندی داخل کرنے والے شخص کے لیے قابل اطلاق)۔ دیگر کمپنیوں میں متعلقہ تاریخوں کے ساتھ ڈائریکٹر شپ اور دفاتر کی تفصیلات جمع کروانا۔

ایک غیر جانبدار ڈائریکٹر کی حیثیت سے ڈائریکٹرز کا انتخاب لڑنے کا ارادہ رکھنے والے امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانا ہوں گی:

v لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشن 2017 کی شق (2)6 کے تحت غیر جانبدار ڈائریکٹر ہونے کا اقرار کرنا۔

vi غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر حلف کہ وکمپنیز (غیر جانبدار ڈائریکٹرز کا طریقہ اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018 کے ضابطہ 4 کے ذیلی ضابطے (1) کی شرائط پر پورا اترتا ہے۔

## 10۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب اور خصوصی امور سے متعلق قراردادوں پر پولنگ:

ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 ("ضابطے")، جیسا کہ 2022/(1)2192 SRO مورخہ 05 دسمبر 2022 کے ذریعے ترمیم کیا گیا ہے اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کے ذریعے جاری کیا گیا ہے، کے مطابق SECP نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایات دی ہیں کہ خصوصی امور اور ڈائریکٹرز کے انتخاب کے سلسلے میں ممبران کو الیکٹرانک ذرائع یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے بھی ووٹ ڈالنے کی سہولت فراہم کی جائے۔

لہذا کمپنی کے سالانہ اجلاس عام مؤرخہ 14 اکتوبر 2025 بوقت 12:00 بجے دوپہر کے موقع پر ممبران کو اس بات کی اجازت ہوگی کہ وہ ضوابط میں مذکورہ ہدایات کے تحت اپنا ووٹ الیکٹرانک ذرائع یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ڈالیں۔ ضوابط کے ضابطہ نمبر 11 کے مطابق، کمپنی کے بورڈ نے میسرز یو ایچ وائی حسن نعیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو اجلاس ہذا میں امور خصوصی کیلئے جانچ کار (Scruitinizer) مقرر کیا ہے جو اس کے علاوہ ضوابط کے ضابطہ نمبر 11A میں بیان کردہ دیگر ذمہ داریوں کو بھی سرانجام دیں گے۔

اراکین کی سہولت کے لیے، بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.powercement.com.pk پر ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے۔

## الف۔ ای ووٹنگ کا طریقہ کار:

i۔ ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کے ساتھ ایک ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے درست CNIC نمبر، موبائل فون نمبر، اور ای میل ایڈریس کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں 06 اکتوبر 2025 کو کاروبار بند ہونے سے پہلے دستیاب ہیں۔

ii۔ ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات اور پاس ورڈ ای میل کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔ سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے ممبران کو سیکیورٹی کوڈز بتائے جائیں گے۔

iii۔ ایسے اراکین جو بذریعہ ای ووٹنگ اپنے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھتے ہیں کی شناخت بذریعہ الیکٹرانک دستخط کی جائے گی تاکہ وہ لاگ ان کر سکیں۔

iv۔ ای ووٹنگ کی لائنیں 9 اکتوبر 2025 صبح 9 بجے شروع کر دی جائیں گی اور یہ لائنیں 13 اکتوبر 2025 شام 5 بجے بند کر دی جائیں گی، اس وقت کے دوران ممبران اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ ممبران کی جانب سے ووٹ ڈالے جانے کے بعد اس میں تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

## ب۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ:

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں کہ باقاعدہ پُر اور دستخط شدہ پوسٹل بیلٹ معہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ پتے پہلی منزل، عارف حبیب سینٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ کراچی پر یا بذریعہ ای میل corporate@powercement.com.pk ایڈریس پر اجلاس کے چیئرمین کو اجلاس عام کے انعقاد مؤرخہ 13 اکتوبر 2025 کو اجلاس عام ایک دن پہلے کام کے اوقات کے دوران موصول ہو جائیں۔ پوسٹل بیلٹ پر کئے گئے دستخطوں کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے مطابق ہونا لازم ہے۔ حصص یافتگان کی سہولت کیلئے بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.powercement.com.pk پر بھی موجود ہے۔

## فزیکل حصص کی بک انٹری فارم میں تبدیلی سے متعلق اہم نوٹ:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 اور ایس ای سی پی کی جانب سے جاری شدہ لیٹر نمبر CDC/ED/Misc.2016-639-640 مؤرخہ 26 مارچ 2021 کے تحت تمام لسٹڈ کمپنیوں کیلئے لازم ہے کہ اپنے حصص کو فزیکل سے بک انٹری فارم میں منتقل کروائیں۔ حصص کا بک انٹری فارم میں منتقل کروانے سے حصص یافتگان کو کئی لحاظ سے سہولت میسر آ سکتی ہے جیسا کہ محفوظ تحویل، مارکیٹ میں حصص کی خرید و فروخت کیلئے ہمہ وقت موجودگی، حصص کے گم یا ضائع ہو جانے کے خطرے کا تدارک اور بآسانی حصص کی منتقلی وغیرہ۔ کمپنی کے حصص یافتگان حصص کی بک انٹری فارم میں منتقلی کیلئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

کسی بھی سوال / مسئلے / معلومات حاصل کرنے کی صورت میں درج ذیل پتے پر کمپنی کے رجسٹرار سے رابطہ کیا جا سکتا ہے:

سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ<br>
سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس،<br>
مین شاہراہ فیصل، کراچی۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت اہم حقائق کی بابت بیان

## ایجنڈا آئٹم نمبر 4

غیر جانبدار ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 میں مذکور طریق کار کے مطابق عمل میں لایا جائے گا۔

امیدواروں کی جانب سے انتخابات کیلئے نوٹس/اظہار دلچسپی جمع کروائے جانے کے بعد مندرجہ ذیل کسوٹی کی بنیاد پر غیر جانبدار ڈائریکٹرز کے امیدواروں کے کوائف کو پرکھا جائے گا:

- ☆ ایس ای سی پی کی جانب سے باقاعدہ تصدیق شدہ ڈیٹا بینک زیر تحت پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG) میں غیر جانبدار ڈائریکٹروں کے ناموں کا شامل ہونا۔
- ☆ امیدواروں کی متعلقہ مہارتوں، متنوع صلاحیتوں، علم اور تجربے کا جائزہ لیا جائے گا۔
- ☆ ڈیٹا بینک میں ناموں کی شمولیت کی تصدیق کر لینے کے بعد کمپنی کی جانب سے اس بات کا جائزہ بھی لیا جائے گا کہ متعلقہ امیدوار کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)166 میں مذکور غیر جانبدار ڈائریکٹر کے معیار پر پورا اترتا ہے یا نہیں۔

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت اہم حقائق کا بیان

### ایجنڈا آئٹم نمبر 5:

کمپنی معمول کے مطابق اپنے متعلقہ فریقوں (Related Parties) کے ساتھ انتظامات کرتی ہے اور لین دین انجام دیتی ہے، جو اس کی پالیسیوں اور قابل اطلاق قوانین وضوابط کے مطابق ہوتے ہیں۔ بعض متعلقہ فریقوں کے لین دین، جن میں چند ڈائریکٹرز کی دلچسپی ہے، ممبران کی منظوری کے متقاضی ہیں جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات 207 اور/یا 208 (جہاں قابل اطلاق ہوں) اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ریگولیشن 15 کے ساتھ پڑھے جانے پر واضح ہوتا ہے۔

کمپنی اپنے متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین اور معاہدے بنیادی طور پر شفافیت کی بنیاد پر کرتی ہے، جیسا کہ "متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین" کے حوالے سے منظور شدہ پالیسی کے مطابق کاروبار کے معمول کے دوران کیا جاتا ہے۔ تمام متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے گئے لین دین/معاہدے بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش کے تابع ہیں، جس کی سربراہی کمپنی کے ایک غیر جانبدار ڈائریکٹر کے پاس ہے۔ بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر یہ معاہدے/لین دین بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سامنے منظوری کے لیے پیش کیے جاتے ہیں۔

ان متعلقہ فریقوں کے ساتھ تعلق کی نوعیت بھی کمپنی کے مالیاتی گوشواروں برائے مالی سال اختتامیہ 30 جون 2025 کے نوٹ 41 میں ظاہر کر دی گئی ہے۔ ڈائریکٹرز اس قرارداد میں صرف اسی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں جس قدر ان کے مشترکہ ڈائریکٹر شپ یا شیئر ہولڈنگز ان متعلقہ فریقوں میں ہیں۔ شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے، کمپنی کے تینتیس ویں سالانہ اجلاس عام میں ممبران کی منظوری حاصل کی گئی، جس کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کمپنی کی جانب سے وقتاً فوقتاً (ہر معاملے کی بنیاد پر) مالی سال اختتامیہ 30 جون 2025 کے دوران کئے گئے متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین کی منظوری دے سکے۔ متعلقہ فریقوں کے ساتھ لین دین اب سالانہ اجلاس عام میں ممبران کی توثیق اور منظوری کے لیے پیش کی جا رہی ہیں۔

مزید برآں مالی سال اختتامیہ 30 جون 2026 کے دوران، کمپنی وقتاً فوقتاً مختلف متعلقہ فریقوں کے ساتھ مناسب سمجھی جانے والی حد تک انتظامات کرے گی یا لین دین انجام دے گی جو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے منظور یا توثیق شدہ ہو، ان لین دین میں اشیاء اور انوینٹری کی خرید وفروخت، خدمات کی فراہمی، فیس کی ادائیگی، اخراجات کی واپسی، قرض یا مشارکہ کی وصولی یا ادائیگی، سرمایہ کاری کی جائیدادوں کی خرید وفروخت شامل ہو سکتی ہیں۔ چونکہ بعض ڈائریکٹرز کو مشترکہ ڈائریکٹر شپ کی وجہ سے کچھ متعلقہ فریقوں کے لین دین میں دلچسپی ہوگی، اس لیے ممبران سے منظوری طلب کی جا رہی ہے تا کہ کمپنی کو اختیار دیا جا سکے کہ وہ متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ ایسے لین دین اور معاہدے کرے، اور مزید یہ کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار و اجازت دی جائے کہ وہ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2026 کے لیے کمپنی کی جانب سے کیے جانے والے متعلقہ فریقوں کے لین دین کو منظور کر سکیں۔

متعلقہ فریقوں کے لین دین کمپنی برائے مالی سال اختتامیہ 30 جون 2025

| Name of the related party | Transactions during the year | 2025 (Rs. in'000) |
|---|---|---|
| Aisha Steel Mills Limited | - Sale of goods | 377 |
| | - Payments received | 377 |
| | - Sharing of expense | 3,929 |
| | - Payments made | 4,500 |
| Arif Habib Equity (Private) Limited | - Contribution received | 6,968,600 |
| | - Loan repaid | 308,760 |
| | - Mark-up accrued | 166,061 |
| | - Mark-up paid | 180,316 |
| Arif Habib Corporation Limited | - Guarantee commission accrued | 849 |
| | - Guarantee commission paid | 848 |
| | - Financing received | 2,375,000 |
| | - Financing repaid | 2,375,000 |
| | - Mark-up paid | 1,446 |
| | - Mark-up accrued | 1,446 |
| All Pakistan Cement Manufacturer Association | - Membership fee | 1,500 |
| | - Payments made | 1,500 |
| Biomasdar (Pakistan) Limited | - Sale of goods | 18,414 |
| | - Payments received | 18,404 |
| Fatima Packaging Limited | - Purchase of goods | 1,013,205 |
| | - Payments made | 892,799 |
| Fatima Fertilizer Company Limited | - Purchase of goods | 168 |
| Green Store (Private) Limited | - Purchase of goods | 2,787 |
| | - Payment made | 2,787 |
| Globe Residency REIT | - Sale of goods | 64,955 |
| | - Payments received | 60,810 |
| Habib Sugar Mills Limited | - Sale of goods | 30,294 |
| | - Payments received | 30,166 |
| Javedan Corporation Limited | - Sale of goods | 16,145 |
| | - Payments received | 35,496 |
| | - Services received | 180 |
| | - Payments made | 180 |

| Name of the related party | Transactions during the year | 2025 (Rs. in'000) |
|---|---|---|
| Mr. Arif Habib | - Contribution received | 4,950,000 |
| | - Contribution repaid | 8,618,600 |
| Memon Health & Education Foundation | - Sale of goods | 611 |
| | - Payments received | 611 |
| Rahat Residency REIT | - Sale of goods | 12,116 |
| | - Payments received | 8,283 |
| Rotocast Engineering Company (Private) Limited | - Services received | 27,640 |
| | - Lease Rental | 27,368 |
| | - Payments made | 59,370 |
| Safe Mix Concrete Limited | - Sale of goods | 609,902 |
| | - Payments received | 570,312 |
| Signature Residency REIT | - Sale of goods | 4,856 |
| | - Payments received | 6,386 |
| Staff retirement benefit fund | - Provision for gratuity expense | 84,397 |
| | - Gratuity paid | 46,074 |
| All members of Company's Management Team and Directors | - Remuneration and other benefits | 478,710 |
| | - Retirement benefits | 48,188 |
| | - Directors' fees | 600 |
| | - Advances disbursed to employees | 66,743 |
| | - Advances repaid by employees | 53,890 |